07-07-2024 SUNDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

ا۔مرکزی وزیر جی کشن ریڈی نے کہاہے کہ وِکست بھارت کا مقصد حاصل کرنے کے لئے فارما انڈسٹری کی مدد بہت ضروری ہے۔

۲۔ریاستی وزیر جو پلی کرشنا راو نے کہا ہے کہ بی آر ایس قائدین کو انحراف کے بارے میں بولنے کا کوئی اخلاقی حق نہیں ہے۔

۳۔آندھرا پردیش کے وزیر اعلیٰ چندرا بابو نائیڈو نے یقین ظاہر کیا ہے کہ تلگو دیشم پارٹی جلد ہی تلنگانہ میں اپنی پرانی عظمت دوبارہ حاصل کرے گی۔

۴۔گروپ 1 ابتدائی امتحان میں 31 ہزار 382 امیدوار مین امتحان کے لئے اہل قرار دئے گئے ہیں۔جس کے نتیجوں کا آج تلنگانہ پبلک سروِس کمیشن نے اعلان کیا۔

اور

۵۔تلنگانہ میں ایک مہینہ تک چلنے والا آشاڈ ابونال تہوار آج مذہبی جوش وخروش کے ساتھ شروع ہوا۔

☆☆☆

ریاستی وزیر جو پلی کرشنا راو نے کہا ہے کہ بی آر ایس لیڈرس کو انحراف کے بارے میں بات کرنے کا کوئی اخلاقی حق نہیں ہے۔حیدرآباد میں صحافیوں سے بات کرتے ہوئے انہوں نے ماضی میں ٹھوس اکثریت رکھنے کے باوجود دوسری پارٹی کے ارکان اسمبلی کو اپنی پارٹی میں شامل کرنے پر کے سی آر پر تنقید کی۔ جو پلی نے کہا بی آر ایس ارکان اسمبلی اس لئے پارٹی چھوڑ رہے ہیں کہ کیونکہ انہوں نے عوام کے فیصلہ کا مذاق بنا دیا ہے۔ بی آر ایس ارکان اسمبلی ایک مستحکم حکومت کے لئے کانگریس پارٹی میں شامل ہو رہے ہیں اور سابق وزیر نرنجن ریڈی ان پر تنقید کرنے کے لائق نہیں ہے۔

☆☆☆

نائب وزیر اعلیٰ بھٹی وکرامارکہ نے کہا ہے کہ کانگریس حکومت میں کسی بھی کسان کے ساتھ ناانصافی نہیں کی جائے گی اور کسی کو دل شکستہ نہیں ہونا چاہئے۔بھٹی وکرامارکہ نے کھمم ضلع کے چنتا کنی منڈل کے گاوں پرودوتورو میں حال ہی میں خودکشی کرنے والے کسان پربھاکر کے خاندان سے ملاقات کی۔انہوں نے متعلقہ پولیس عہدیداروں کو ہدایت دی کہ وہ کسان کی خودکشی کی وجہ بننے والے لوگوں کی غیر جانبدار تحقیقات کریں۔انہوں نے یہ بھی یقین دلایا کہ مہلوک کے بچوں کی تعلیم کے لئے ضروری مدد کی جائے گی۔ بعد میں انہوں نے مُدی گنڈہ منڈل میں کئی ترقیاتی پراجکٹس کے لئے سنگ بنیاد رکھا۔

☆☆☆

آندھرا پردیش کے وزیر اعلیٰ چندرا بابو نائیڈو نے آج امید ظاہر کی ہے کہ تلگو دیشم پارٹی جلد ہی تلنگانہ میں بھی اپنی پرانی عظمت حاصل کرے گی۔ حیدرآباد میں آج ٹی ڈی پی کارکنوں سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ تلگو دیشم پارٹی جو تلگو عوام کے لئے بنی تھی،تلنگانہ میں بھی ہوگی اور وہ بہت جلد تلنگانہ میں پارٹی کی تنظیم جدید کریں گے۔انہوں نے کہا کہ وہ تلنگانہ میں پارٹی کی پرانی عظمت واپس لائیں گے۔تلگو دیشم پارٹی ریاست میں نوجوانوں اور تعلیم یافتہ لوگوں کی حوصلہ افزائی کرے گی۔تلنگانہ کے وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی سے کل کی ملاقات کے بارے میں انہوں نے کہا کہ آندھرا پردیش اور تلنگانہ میں الگ الگ جماعتوں کی حکومت ہے،لیکن تلگو عوام کے مفادات کی بات آتی ہے تو ہمیں مل کر کام کرنا چاہئے۔دو دہے پہلے حیدرآباد شہر کی ترقی میں چیف منسٹر کی حیثیت سے اپنے تعاون کو یاد کرتے ہوئے تلگو دیشم پارٹی کے سربراہ نے کہا کہ آج فی کس آمدنی کے

معاملہ میں تلنگانہ سب سے اوپر ہے۔ آندھراپردیش کے وزیراعلیٰ نے کہا کہ کئی صنعتوں نے آندھراپردیش میں سرمایہ کاری میں دلچسپی دکھائی ہے۔ انہوں نے یقین دلایا کہ وہ آندھراپردیش کی ترقی کی ذمہ داری سنبھالیں گے۔

☆☆☆

تلنگانہ پبلک سروس کمیشن نے آج گروپ 1 ابتدائی امتحان کے نتیجوں اور مین امتحان کی تاریخوں کا اعلان کیا ہے۔ ریاست کے 31 ضلعوں میں 19 جون کو ہونے والے امتحان کی بنیاد پر 31 ہزار 382 امیدواروں کو اصل امتحان کے لئے اہل قرار دیا گیا۔ ہر ملٹی زون میں مین امتحان کے لئے اہل امیدواروں کی تعداد دستیاب عہدوں سے 50 گنا زیادہ ہے۔ تلنگانہ پبلک سروس کمیشن نے بتایا کہ گروپ 1 ابتدائی امتحان کے نشانات اور کٹ آف مارکس جلد ہی کمیشن کی ویب سائٹ پر اَپ لوڈ کئے جائیں گے۔ مین امتحان 21 تا 27 اکتوبر کے بیچ ہوگا۔ ہر پرچہ کے لئے زیادہ سے زیادہ نشانات 150 ہیں۔

☆☆☆

تلنگانہ حکومت نے اعلان کیا ہے کہ اقلیتی طلبہ کے لئے چیف منسٹر کی اوورسیز اسکالرشپ اسکیم کے تحت درخواستیں داخل کی جاسکتی ہیں۔ اس پہل کا مقصد بیرونی ملکوں میں اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے میں اقلیتی طلبہ کی مدد ہے۔ اس اسکیم کے تحت اہل اقلیتی طلبہ امریکہ، برطانیہ، آسٹریلیا، کینیڈا، سنگاپور، جرمنی، جنوبی کوریا، جاپان، فرانس اور نیوزی لینڈ کی باوقار یونیورسٹیوں میں پوسٹ گریجویٹ اور پی ایچ ڈی کورسس کر سکتے ہیں۔ اس اسکیم کے تحت منتخب امیدواروں کو 20 لاکھ تک کی اسکالرشپ یا سالانہ ٹیوشن فیس دی جائے گی۔ دلچسپی رکھنے والے امیدوار ویب سائٹ www.telanganaepass.cgg.gov.in پر آن لائن درخواستیں داخل کرسکتے ہیں اور تفصیلات حاصل کرسکتے ہیں۔

☆☆☆

مرکزی وزیر جی کشن ریڈی نے کہا ہے کہ وکست بھارت کا مقصد حاصل کرنے کے لئے فارما انڈسٹری کی مدت بہت ضروری ہے۔ ہائی ٹیکس حیدرآباد میں انڈین فارماسوٹیکل کانگریس کے 73 سیشن سے خطاب کرتے ہوئے کشن ریڈی نے کہا کہ انہیں اس میٹنگ میں خطاب کرتے ہوئے بڑی خوشی ہورہی ہے، جس میں 50 ہزار فارمیسی پروفیشنلس فارما صنعت کے مختلف شعبوں کی نمائندگی کررہے ہیں۔ انہوں نے حیدرآباد کو فارمیسی ہب بنانے کے لئے فارما انڈسٹری کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ ہندوستان کی برآمدات میں فارما پراڈکٹ کو پانچواں مقام حاصل ہے اور دواسازی کا شعبہ ہندوستان کی برآمدات کا پانچ فیصد سے زیادہ حصہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ مرکزی حکومت آنے والے بلک ڈرگ پارک میں مشترکہ انفرااسٹرکچر کی سہولتوں کو بڑھانے کے لئے مالی مدد دے گی۔ انہوں نے فارما سوٹیکل ٹکنالوجی اَپ گریڈیشن اسسٹنٹ اسکیم سے ہندوستانی فارما شعبہ کو عالمی معیارات پر پورا اترنے میں مدد ملے گی۔ کشن ریڈی نے یقین دلایا کہ فارما شعبہ کا مستقبل روشن ہوگا اور وہ وزیراعظم سے فارما یونیورسٹی قائم کرنے کے بارے میں بات چیت کریں گے۔

☆☆☆

تلنگانہ میں ایک ماہ تک چلنے والا آشاڈ ابونالو تہوار آج مذہبی جوش وخروش کے ساتھ شروع ہوا۔ تاریخی گولکنڈہ قلعہ میں جگدمبیکا مندر میں پہلا بونم پیش کیا گیا۔ انڈومنٹ کی وزیر کونڈا اسریکھا نے حکومت کی طرف سے ریشمی کپڑے پہلی پوجا کے لئے دیوی جگدمبا کو بھینٹ کئے۔ بعد میں لنگرحوض سے گولکنڈہ تک ایک جلوس نکالا گیا۔ بھکتوں نے مندر میں بونالو پیش کیا۔ گولکنڈہ قلعہ جانے والے راستہ میں ٹریفک پابندیاں لگائی گئیں۔ سکندرآباد

اجینی مہا کالی بونال اس مہینہ کی 21 اور 22 تاریخ کو ہوگا، جبکہ لال دروازہ سنمہا واہنی بونال اس مہینہ کی 28 اور 29 تاریخ کو ہوگا۔ ریاستی حکومت نے اس مرتبہ بونال کے لئے 20 کروڑ روپے مختص کئے ہیں۔ وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی نے بونال تہوار کے موقع پر عورتوں کو مبارکباد دی ہے۔

☆☆☆

سپریم کورٹ کل نیٹ یو جی کے بارے میں کئی درخواستوں پر سنوائی کرے گی جس میں امتحان پھر سے رکھنے کی درخواست بھی شامل ہے۔ چیف جسٹس ڈی وائی چندر چوڑ اور جسٹس جے وی پاردیوالا اور جسٹس منوج مشرا کی بنچ پر 26 درخواستوں کی سنوائی ہوگی۔ طالب علموں کی درخواستوں میں نیٹ دھاندلیوں کے الزامات کی آزادانہ چھان بین پر زور دیا گیا ہے۔

☆☆☆

وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی نے آج حیدرآباد کے این ٹی آر اسٹیڈیم میں 45 ویں شری جگناتھ رت یاترا کا افتتاح کیا جس کا اہتمام اسکان مندر نے کیا ہے۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے ریونت ریڈی نے کہا کہ ریاستی حکومت ہر مذہب کا احترام کرتی ہے اور تمام مذہبوں کو موقع دیتی ہے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ ان کی حکومت اس پیغام کو پھیلانے کے لئے محنت کر رہی ہے کہ انسانیت کی خدمت ہی سب سے بڑی خدمت ہے۔ رت یاترا این ٹی آر اسٹیڈیم سے نامپلی نمائش میدان تک نکالی گئی۔